فوری ریلیز کے لیے: 2023/13/4 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے الیکٹرک وہیکل چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کے لیے میونسپلیٹیز کو 8.3$ ملین سے زیادہ فنڈنگ دینے کا اعلان کیا ہے***

***ان گرانٹس سے ریاست بھر میں 70 کمیونٹیز میں تقریباً 250 نئے پبلک چارجنگ اسٹیشنز کی معاونت کی جائے گی***

***ریاست نیویارک میں اگلے پانچ سالوں میں ایجنسی فلیٹ کے لیے 1,300 سے زیادہ چارجنگ اسٹیشن بنائے جائیں گے***

***الیکٹرک وہیکل چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے اور اخراجوں میں کمی لانے کے اقدامات میں ریاست کی جاری سرمایہ کاری کی بنیاد پر منصوبے بنائے گئے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج 70 میونسپلٹیوں کو 8.3$ ملین سے زائد فنڈنگ دینے کا اعلان کیا ہے تاکہ عوامی استعمال کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشن نصب کیے جائیں۔ نقل و حمل کا سیکٹر، نیویارک میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں کا دوسرا سب سے بڑا ذریعہ ہے، اور الیکٹرک گاڑیوں کے ان چارجنگ اسٹیشنز سے ریاست کو مدد ملے گی کہ موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے تحت گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کے پرعزم تقاضے پورے کیے جائیں۔ نیو یارک انٹرنیشنل آٹو شو میں، آج کیے گئے اعلان میں، صفر اخراج کرنے والے ریاستی فلیٹ کی جانب مکمل منتقلی کی حمایت کرنے کے لیے 1,300 سے زیادہ چارجنگ اسٹیشنوں کی تعمیر کا EV بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ شامل ہے۔

"نیویارک نے معدنی ایندھنوں سے ہماری منتقلی کو آگے بڑھانے اور ریاست بھر میں گاڑیوں کے نقصان دہ اخراج کو کم کرنے کی خاطر ہمارے ملک کے اہم موسمیاتی ایجنڈے کے حصے کے طور پر قابل ذکر پیش رفت کی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میونسپل صفر اخراجوں والی گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کی گرانٹس جیسے اقدامات کے لیے شکریہ، جن کی بدولت پوری ریاست نیویارک کی کمیونٹیز ماحول کے تحفظ اور موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے جرات مندانہ اقدام کر رہی ہیں۔ ہم نیویارک کے شہریوں کی صحت اور معیار زندگی کو بہتر بنانے اور ایک محفوظ اور پائیدار مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے صاف توانائی میں سرمایہ کاری جاری رکھیں گے۔"

محکمۂ تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) کے میونسپل صفر اخراجوں والی گاڑیوں (Zero-Emission Vehicle, ZEV) کے بنیادی ڈھانچے کے لیے گرانٹ پروگرام کے 2022 راؤنڈ کے تحت، پوری ریاست نیویارک میں، 454 لیول 2 چارجنگ پورٹس اور 28 ڈائریکٹ ایف سی کرنٹ فاسٹ چارجر (direct current fast charger, DCFC) پیڈسٹلز کی تنصیب میں مدد کے لیے 70 میونسپلٹیوں کو کل 8.38$ ملین کی 131 تفویضات کی گئی ہیں، جو 2016 میں پروگرام شروع ہونے کے بعد سے تفویض شدہ سب سے بڑی رقم ہے۔ گرانٹ کی 42 فیصد سے زیادہ رقم پسماندہ کمیونٹیز میں واقع پروجیکٹس کے لیے دی گئی تھی۔ موسمیاتی انصاف کے ورکنگ گروپ نے حال ہی میں پسماندہ کمیونٹیز کے لیے معیار کو حتمی شکل دی ہے جس کے ساتھاس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ صاف توانائی اور توانائی کی باکفایت کارکردگی کے پروگراموں پر خرچ کرنے کے مجموعی مراعات کے 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، 35 فیصد ہدف پورا کیا جائے - جو موسمیاتی انصاف کو ترجیح دینے کے لیے موسمیاتی ایکٹ کے متعدد طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔

**ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "پوری ریاست میں صاف توانائی، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے، اور پائیدار بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں سرمایہ کاری کرنے والی کمیونٹیز اور مقامی قائدین کے ساتھ کام کرنے پر DEC کو فخر ہے۔ اس فنڈنگ سے کمیونٹیز میں، نیویارک کے الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ نیٹ ورک میں اضافہ ہوتا رہے گا کیونکہ ہم اخراجوں کو کم کرنے اور نیویارک کے شہریوں کی صحت اور حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے صفر اخراج والی گاڑیوں کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ DEC ان کمیونٹیز کو سراہتا ہے جو ریاست کی موسمیاتی قیادت کو تقویت دینے کے لیے مقامی طور پر کام کرتے ہوئے موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے کام کر رہی ہیں۔"

**دفتر برائے خدمات عامہ کی کمشنر Jeanette Moy نے کہا،** "گورنر Hochul کی قیادت میں، ریاست نیویارک کی ایجنسیوں کے لیے EV چارجنگ اسٹیشنز کی تنصیب کرنے کی خاطر ریاست کی کوششوں کی قیادت کرنے پر، OGS کو فخر ہے۔ 2035 تک ریاست کے لائٹ ڈیوٹی فلیٹ کو 100 فیصد صفر اخراجوں والی گاڑیوں میں تبدیل کرنے کے گورنر کے ہدف کو پورا کرنے کے لیے، OGS حکومت اور نجی شعبے میں ہمارے شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہا ہے۔"

**نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے قائم مقام صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "EV کو اپنانے کی جانب منتقلی کے عمل کو مؤثر حد پر لے جانے کے لیے وسیع تعاون اور صارفین کو تعلیم یافتہ کرنے کی ضرورت ہو گی، اور ریاست نیویارک کی ایجنسیاں باہم مل کر کام کر رہی ہیں تاکہ منتقلی کی انجام دہی میں صارفین، کاروباری اداروں اور مقامی حکومتوں کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں۔ چارجنگ کی نئی تنصیبات میں یہ سرمایہ کاریاں نیویارک کو مکمل طور پر برقی نقل و حمل کے نظام کے ایک قدم اور قریب لے جاتی ہیں۔"

DEC میونسپل ZEV پروگرام کے تحت نیویارک بھر کے شہروں، قصبوں، دیہاتوں اور کاؤنٹیز کے لیے ZEV بنیادی ڈھانچے کی گرانٹس دستیاب ہیں۔ اس پروگرام میں زیرو اخراج والی فلیٹ گاڑیوں کے لیے رعایت بھی پیش کی جاتی ہے۔ میونسپل صفر اخراج والی فلیٹ گاڑیوں کے لیے 2022 کی رعایتی تفویضات کا اعلان دسمبر میں کیا گیا تھا۔ 2016 میں اپنے آغاز سے لے کر، میونسپل ZEV پروگرام کی مدد سے 114 پلگ ان ہائبرڈ گاڑیوں اور 182 آل الیکٹرک گاڑیوں، 1,076 لیول 2 چارجنگ پورٹس، 44 فاسٹ چارجنگ پیڈسٹلز اور تین ہائیڈروجن فیول سیل فلنگ نوزلز کی خریداری کے لیے (اس راؤنڈ سمیت) 16$ ملین سے زیادہ کی رعایت اور گرانٹس دی گئی ہیں۔

**2022 میونسپل صفر اخراج والی گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کی گرانٹ تفویضات کے وصول کنندگان درج ذیل ہیں:**

**دارالحکومت کا علاقہ**

سٹی آف البانی، لیول 2 کی 28 چارجنگ پورٹس کے لیے 499,769.60$
البانی کاؤنٹی، لیول 2 کی 14 چارجنگ پورٹس کے لیے 65,970.80$
سٹی آف سکینیکٹیڈی، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 54,800$
ویلیج آف میننڈز، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 32,934$
ویلیج آف کیٹ اسکل، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 26,605.95$

**مرکزی نیویارک**

سٹی آف اونیڈا، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس اور دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 450,711$
ٹاؤن آف ڈیوٹ، لیول 2 کی 16 چارجنگ پورٹس کے لیے 261,800$
ٹاؤن آف سلینا، ایک DCFC پیڈسٹل کے لیے 199,400$
ٹاؤن آف اونونڈاگا، لیول 2 کی 10 چارجنگ پورٹس کے لیے 194,521.60$
سٹی آف آبرن، لیول 2 کی چھ چارجنگ پورٹس کے لیے 80,288$
ویلیج آف بالڈونزوائل، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 35,454.50$

**فنگر لیکس**

ویلیج آف مدینہ، دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 245,184$
واِلیج آف کلائیڈ، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 110,862.60$
ٹاؤن آف چلی، لیول 2 کی 20 چارجنگ پورٹس کے لیے 89,463$
ٹاؤن آف سنیکا فالز، لیول 2 کی 12 چارجنگ پورٹس کے لیے 86,022$
ٹاؤن آف آئرن ڈی کوٹ، لیول 2 کی 14 چارجنگ پورٹس کے لیے 79,028.10$
ٹاؤن آف برائٹون، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 63,570$
ویلیج آف سوڈس پوائنٹ، لیول 2 کی 16 چارجنگ پورٹس کے لیے 62,440$
ویلیج آف سوڈس، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 44,950$
ٹاؤن آف اوگڈن، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 31,328$
ٹاؤن آف ایسٹ بلوم فیلڈ، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 29,071.20$
سٹی آف کیننڈیگوا، لیول 2 کی چھ چارجنگ پورٹس کے لیے 28,820$
ٹاؤن آف لوڈی، لیول 2 کی آٹھ چارجنگ پورٹس کے لیے 27,908$
ٹاؤن آف میکڈون، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 25,274.48$
ٹاؤن آف رچمنڈ، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 22,216.50$
وائیومنگ کاؤنٹی، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 20,800$
ٹاؤن آف لیما، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 13,720$
ٹاؤن آف پٹس فورڈ، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 12,502$
ویلیج آف البیون، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 10,500.00$

**لانگ آئی لینڈ**
ٹاؤن آف اویسٹر بے، لیول 2 کی 22 چارجنگ پورٹس اور ایک DCFC پیڈسٹل کے لیے 490,811.41$
ٹاؤن آف سمتھ ٹاؤن، دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 161,130$
ٹاؤن آف ہنٹنگٹن، لیول 2 کی 16 چارجنگ پورٹس کے لیے 123,264$
سٹی آف گلین کوو، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 47,774.10$
ویلیج آف سی کلِف، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 42,114$

**مڈ-ہڈسن**
سٹی آف کنگسٹن، دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 268,644,54$
ٹاؤن آف ماؤنٹ پلیزنٹ، چار DCFC پیڈسٹلز کے لیے 250,000$
سٹی آف پاؤ کیپسی، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس اور دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 207,167.50$
ویلیج آف کروٹون آن ہڈسن، لیول 2 کی 12 چارجنگ پورٹس کے لیے 149,266.78$
ٹاؤن آف امینیا، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 82,180.40$
ویلیج آف پلیزنٹ وائل، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 43,644.01$
ویلیج آف سلیپی ہولو، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 38,100$
ٹاؤن آف ایسوپس، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 35,260$
ویلیج آف برائر کلِف مینور، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 25,800$
ٹاؤن آف کینٹ، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 23,027.64$
ویلیج آف ویپرنگز فالز، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 9,790$
سٹی آف وائٹ پلینز، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 9,387.15$

**موہاک ویلی**
سٹی آف اونی اونٹا، لیول 2 کی 26 چارجنگ پورٹس کے لیے 299,546$
مونٹگمری کاؤنٹی، لیول 2 کی 24 چارجنگ پورٹس کے لیے 268,000$
ویلیج آف نارتھ وائل، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 23,659$

**نارتھ کنٹری**

ٹاؤن آف انڈیانا لیک، دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 236,686.50$
ویلیج آف ویڈنگٹن، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 117,375$
ٹاؤن آف کلیٹن، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 87,375$
ٹاؤن آف جے، لیول 2 کی چھ چارجنگ پورٹس کے لیے 53,292$
ویلیج آف کینٹن، ایک DCFC پیڈسٹل کے لیے 50,061$
ٹاؤن آف نیو کومب، لیول 2 کی چھ چارجنگ پورٹس کے لیے 49,452.50$
ٹاؤن آف چیسٹر فیلڈ، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 37,525.45$
ٹاؤن آف ٹپر لیک، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 17,200$
ٹاؤن آف آسیبل، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 14,675$

**جنوبی سلسلہ**
چیمنگ کاؤنٹی، دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 500,000$
ویلیج آف سڈنی، دو DCFC پیڈسٹلز کے لیے 80,632,32$
ویلیج آف فلیشمانز، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 7,573.50$

**مغربی نیو یارک**
سٹی آف اولیئن، لیول 2 کی 20 چارجنگ پورٹس کے لیے 499,210$
ٹاؤن آف ایمہرسٹ، لیول 2 کی 14 چارجنگ پورٹس اور ایک DCFC پیڈسٹل کے لیے 470,683.20$
ویلیج آف ساؤتھ ڈیٹن، ایک DCFC پیڈسٹل کے لیے 209,750$
ویلیج آف لینکاسٹر، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس اور ایک DCFC پیڈسٹل کے لیے 137,200.00$
ٹاؤن آف گرینڈ آئی لینڈ، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 50,148$
ویلیج آف ہیمبرگ، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 49,100.80$
ٹاؤن آف ویسٹ سینیکا، لیول 2 کی چار چارجنگ پورٹس کے لیے 31,475.70$
ٹاؤن ایڈن، لیول 2 کی دو چارجنگ پورٹس کے لیے 26,377.96$

DEC میونسپل ZEV بنیادی ڈھانچے کے گرانٹ پروگرام کے ساتھ ہی، میونسپل ZEV رعایتوں کے بارے میں مزید معلومات DEC کی ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہے:
https://www.dec.ny.gov/energy/109181.html#ZEV

**ریاست نیویارک کو سرسبز بنانے والے فلیٹس**
ریاست نیویارک کے دفتر برائے خدماتِ عامہ کی جانب سے ریاستی سہولت گاہوں پر پانچ سالوں کے اندر فلیٹ کی چارجنگ کے لیے مختص کردہ 1,300 سے زیادہ چارجنگ اسٹیشنز بنانے کی کوشش کی قیادت کی جا رہی ہے، جس کا آغاز OGS املاک پر 130 اسٹیشنوں کی تنصیب سے ہو رہا ہے۔ یہ چارجرز، نیٹ ورکڈ لیول 2 اور فاسٹ چارجرز کا مجموعہ ہوں گے۔ OGS استحکام اور پائیداری کی جانب سے بھی ریاست نیویارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی اتھارٹی کے ساتھ شراکت داری کی جا رہی ہے تاکہ ایک کلین فلیٹ پلان تیار کیا جا سکے جس کے ذریعے اس ہدف کو پورا کرنے کے لیے درکار بنیادی ڈھانچے کے اہم سنگ میلوں کی نشاندہی کی جائے اور صفر اخراج والے فلیٹ کی جانب منتقلی کی حمایت اور اس میں تیزی لانے کے لیے کلیدی پالیسیوں اور طریقہ کار کی تجویز دی جا سکے۔

**EVolve NY فاسٹ چارجنگ کی پیش رفت**
نیویارک پاور اتھارٹی نے اعلان کیا ہے کہ اہم سفری گزرگاہوں کے ساتھ 32 مقامات پر اس کے ہائی اسپیڈ EVolve NY نیٹ ورک میں چارجرز کی تعداد 120 سے زیادہ ہو گئی ہے۔ دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ کام کرتے ہوئے، امید کی جاتی ہے کہ 2025 تک ریاست بھر میں کل تعداد کم از کم 800 تک پہنچ جائے گی، اس طرح یہ بات یقینی ہو جائے گی کہ EV ڈرائیوروں کو چارج ختم ہونے کے بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ڈائریکٹ کرنٹ فاسٹ چارجرز، EV کی کسی بھی مصنوعہ یا ماڈل میں بیٹری کی زیادہ تر صلاحیت کو 20 منٹ میں چارج کر سکتے ہیں۔

آج کے EV اعلانات دیگر حالیہ اقدامات کی تکمیل کرتے ہیں جو نیویارک کی جانب سے برقی گاڑیوں کی طرف منتقلی کو تیز رفتاری سے انجام دینے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ دسمبر میں، DEC نے ایڈوانسڈ کلین کارز II کے ضوابط کے نفاذ کا اعلان کیا تھا، جس کے تحت تقاضا کیا جائے گا کہ ریاست نیویارک میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکوں کو 2035 تک صفر اخراجوں کرنے والی گاڑیاں ہونا چاہیئے تاکہ صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کی فروخت میں تیزی لائی جائے، جس کے نتیجے میں ریاست بھر میں، بالخصوص نقل و حمل سے متعلق آلودگی کے ذریعے غیر متناسب طور پر متاثر ہونے والی کمیونٹیز میں، ہوا کے معیار میں بہتری آئے گی۔ اس ضابطے کے تحت درکار ہے کہ نئی لائٹ ڈیوٹی گاڑیوں کی فروخت میں ہر سال، صفر اخراج والی گاڑیوں (ZEV) کی شرح فیصد میں اضافہ ہو، جس کی شروعات ماڈل سال 2026 میں 35 فیصد ZEV کی فروختوں سے ہو رہی ہے، اس کے نتیجے میں 2035 تک ZEV کی فروخت کو 100 فیصد ہو جانا چاہیئے۔

ایڈوانسڈ کلین کارز II کو اپنانا، کلائمیٹ ایکشن کونسل کے اسکوپنگ منصوبے کی سفارشات میں شامل ہے اور یہ موسمیاتی ایکٹ میں مطلوبہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں میں کمی لانے کے ہدف کو حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، جس میں 1990 کی سطحوں سے 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کرنا شامل ہے۔ 19 دسمبر کو، ریاست نیویارک کی کلائمیٹ ایکشن کونسل نے اسکوپنگ منصوبہ اپنایا ہے، جس میں موسمیاتی ایکٹ کے اہداف اور ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کے لیے تجویز کردہ پالیسیوں اور اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ 2019 میں موسمیاتی ایکٹ کے نفاذ کے بعد سے کونسل کے مشاورتی پینلز اور ورکنگ گروپس کے تعاون سمیت، تین سال سے زیادہ کے تعاون کے نقطۂ عروج پر تھا۔

ریاستی ماحولیاتی تحفظ فنڈ کی جانب سے آج اعلان کردہ ZEV گرانٹس کے لیے فنڈنگ فراہم کی گئی تھی۔ 2022-23 کے ریاستی بجٹ میں متعدد کئی ماحولیاتی فتوحات میں سے، EPF کو 400$ ملین کی مالی اعانت فراہم کی گئی تھی، جو پروگرام کی تاریخ میں کی جانے والی سب سے زیادہ فنڈنگ ہے۔ EPF کی جانب سے موسمیاتی تبدیلیوں میں تخفیف اور موافقت کی کوششوں کی حمایت کی جاتی ہے، پائیدار زراعت کو فروغ دینے کے لیے زرعی وسائل بہتر بنائے جاتے ہیں، ہمارے آبی ذرائع کی حفاظت کی جاتی ہے، تحفظ کی کوششوں میں اضافہ کیا جاتا ہے، اور نیویارک کے شہریوں کے لیے تفریحی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔

**ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ**

ریاست نیویارک کا قومی قیادت کرنے والا موسمیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جس میں خاندان کو مستحکم رکھنے والی ملازمتیں پیدا کی جائیں، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد، پسماندہ کمیونٹیز کو صاف ستھری توانائی اور توانائی کی بچت کرنے والی سرمایہ کاریوں کی مراعات دی جائیں۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 1.8$ بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418